Fikr-o-Nasar (Islamabad) 19:8 (1982) © rasailojaraid.com

# نقــد و تبصــــره

(تبصـره کے لئے دو نسخے ارسال فـرمائیں)

**ماھنامہ :** یونیسکو پیامی اسلام نمبر

**مدیر:** حکیم محمد سعید

**طابع :** دفتر یونیسکو پیامی ، ھمدرد سنٹر ,, المجید ،، ناظم آباد ، کراچی ۱۸

**صفحات :** ۸۰

**قیمت :** ۱۵ روپیے

اسلام کے موضوع پر یونیسکو پیامی کی یہ اشاعت کئی صفات کی وجہ سے خصوصی اھمیت کی حامل ہے ۔ اول یہ کہ یونیسکو پیامی ، یونیسکو کوریئر کا ترجمہ ہے جو ۲۵ زبانوں میں شائع ھوتـا ہے ۔ اور پندرھویں صدی ھجری کی مناسبت سے شائع کیا گیا ہے اور کوئی دوسری کتاب یا رسالہ بیک وقت اتنی زبانوں میں شائع نہیں ہوا ۔ چنانچہ اسلام پر اس اشاعت خاص کا پیغام ان ممالک اور ثقافتوں تک بھی پہنچایا گیا ہے جن کی اپنی زبانوں میں اس موضوع پر یا تو مطبوعات بالکل نہیں یا بہت ھی کم ھیں ۔ دوسری صفت یہ ہے کہ اس کے لئے مختصر ، جامع اور مستند مضامین دنیا بھر کے ماھرین سے لکھوائے جاتے ھیں ۔ مثلاً اس شمارے میں برطانیہ ، مراکش ، الجزائر ، تونس ، شام ترکی ، پاکستان اور انڈونیشیا کے دانشوروں کے نتائج فکر شامل ھیں ۔ تیسری صفت یہ ہے کہ چونکہ مقالہ نگار دنیا کے مختلف حصوں سے تعلق رکھتے ھیں لہذا مقالات کا افق ,, عالمی افق ،، ھوتا ہے ۔ ان میں کئی ایسی جہتیں سامنے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آتی هیں جن سے هم پاکستانی پوری طرح باخبر نهیں هوتے مثلاً افریقه اور انڈونیشیا میں اسلام ۔

اس شمارے میں اسلام کے تمام اهم پهلوؤں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ مثلاً رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم کی مختصر سوانح حیات ، اسلام بطور ایک عالم گیر مشن ، سوویت یونین میں مسلمان ، انڈونیشیا اور افریقه میں اسلام ، اسلام میں تعلیم کے مقاصد ، هجرت کی اهمیت اور اسلامی تقویم ، اسلام کے سائنسی کارنامے ، جدید دور میں اسلام کا سائنسی کی طرف اقدام ، اسلامی فکر ، تصوف اور اسلامی فن تعمیر ، یه تمام موضوعات اس اشاعت میں شامل هیں ۔

یه اشاعت خاص اسلام کی ان تمام خصوصیات اور کارناموں کی پوری طرح نمائندہ ہے جن کی بنیاد پر اسلام نے کرہ ارض پر انسان کو اعلیٰ اخلاق ، اور علم و فن کے زیور سے آراسته کرکے عظمت سے هم کنار کرکے عالمی تهذیب کا نقشه بدلا ہے۔

ان معنوی خوبیوں کے علاوہ یه اشاعت اپنی خوبصورت پیش کش کے لحاظ سے قابل ستائش ہے۔ اردو کا شاید هی کوئی اور رساله اتنا حسین هو ۔ اس میں بارہ صفحات پر نادر مخطوطات ، خطاطی ، فنون لطیفه کے شاهکاروں ، مساجد اور تعمیرات کی رنگین تصویریں هیں ۔ تراجم سهل ، رواں اور مؤثر هیں ۔ کتابت نفیس اور طباعت عمدہ ہے۔

آخر میں هم ملک کے مشهور طبیب اور دانش ور جناب حکیم محمد سعید کو جو « پیامی » کے مدیر بھی هیں ۔ داد تحسین دیئے بغیر نهیں رہ سکتے ۔ جنهوں نے پاکستان میں اس عظیم الشان ، مفید اور دل چسپ رسالے کی اشاعت کا بندوبست کرکے اردو رسائل کا پایه مغربی جرائد کے هم پله کر دیا ہے۔ اتنی خوبیوں کے لحاظ سے پیامی کی قیمت بهت کم ہے۔

© rasailojaraid.com